# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب


## 21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment


پریس ریلیز

**وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت کمشنر آفس لاہور میں اجلاس کا انعقاد۔**

**اجلاس میں صوبائی وزیرزراعت نے لاہورڈویژن میں گندم کی کاشت بارے جائزہ لیا۔**

**گندم کی کاشت کیلئے زرعی مداخل کی مقررکردہ قیمتوں سے کم پر وافر مقدار میں دستیابی یقینی بنائی گئی ہے۔سید عاشق حسین کرمانی**

لاہور:18 نومبر 2025 (      ) وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت لاہور ڈویژن میں گندم کی کاشت سے متعلق اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان ،ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں، چوہدری عبدالحمید سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔اس موقع پر کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان نے بتایا کہ امسال لاہور ڈویژن میں گندم کی کاشت کا ہدف 13 لاکھ 55 ہزار ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ میں گندم کی کاشت کے ہدف کے حصول کیلئے تمام ممکنہ وسائل و ذرائع بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔انہوں نیکہا کہ رواں سیزن گندم کی کاشت کا ہدف 1 کروڑ 65 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے اور امسال گندم بوائی کی مہم نہایت حوصلہ افزاء ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ گندم کی کاشت کیلئے زرعی مداخل کی مقرر کردہ قیمتوں سے کم پر وافر مقدار میں دستیابی یقینی بنائی گئی ہے جب کہ صوبہ میں اب تک گزشتہ سال کی نسبت اسی عرصہ کے دوران گندم کی کاشت 15 تا 20 فیصد زیادہ ریکارڈ کی گئی ہے۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ محکمہ زراعت پنجاب کے فیلڈ سٹاف کو گندم کی کاشت کے ہدف کے حصول کیلئے خصوصی ٹاسک دے دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی کی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کی جا رہی ہے اور ڈویژنل و ڈسٹرکٹ انتظامیہ سے مضبوط روابط کے ذریعے ہدف کے حصول کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

☆☆☆☆